# THE MODEL MONTHLY NEWSLETTER OF

FEBRUARY 2024

Editor: Rabia Ajmal
Co-Editor: Zubia Salahuddin, Asna Syed (O-III)
Warsak Campus

## PESHAWAR MODEL GIRLS HIGH SCHOOL
## WARSAK ROAD CAMPUS / HAYATABAD CAMPUS




BOYS -I | BOYS -II | BOYS -III | BOYS -IV | BOYS -V | HAYATABAD BOYS CAMPUS | GIRLS -I | GIRLS -II

## NEW CAMPUS AT G.T ROAD, PESHAWAR. CELEBRATING A LEGACY OF EXCELLENCE

Our esteemed institution, the Peshawar Model Girls High School, Warsak Road Campus, has been a beacon of quality education since its establishment in 1994. With a rich history and a legacy of academic excellence, it has served as the nurturing ground for countless students, shaping their futures and fostering a love for learning. In 2019, we expanded our commitment to education with the establishment of Hayatabad Campus. We are excited to share the news of yet another milestone in our journey. The establishment of a new campus at G.T Road, is a testament to our dedication to provide quality education to more students and expanding the reach of our educational excellence. Our upcoming campus is poised to continue the legacy of academic distinction. Building upon the foundation of our parent campus and the success of our Hayatabad Campus, this new addition will offer cutting-edge facilities, innovative learning spaces, and a commitment to nurturing the potential of each student. We believe in creating a network of educational spaces where students can thrive, discover, and excel. We invite you to be a part of our journey as we continue to build futures.

## PESHAWAR MODEL SCHOOL
### G.T Road, Campus
**FOR BOYS & GIRLS**



**STARTING FROM APRIL 2024**

**A PROJECT OF PMS - GIRLS I**

## EDITORIAL

Hey Readers, hoping you all in the best of your health and must be coping with the chilled weather in warmest ways. The people of Pakistan and Kashmiris around the world commemorate 5th February each year as Kashmir Solidarity Day. They Echo their persistent support and send a loud and clear message to the world that Kashmiris are not alone in their struggle against the occupying forces. It focuses on showing Pakistan's support and unity with the people of Indian-occupied Kashmir, their ongoing freedom struggle. Kashmir Day is observed by people throughout Pakistan and Azad Jammu Kashmir (AJK). It is an internationally recognized day observed by people, predominantly Kashmiris, worldwide. The day is marked by public processions, special prayers in mosques for the liberation of Kashmir and protests that are carried out against the Indian oppression of Kashmir, and to pay homage to Kashmiri martyrs who lost their lives fighting for Kashmir's freedom.





## BURAQ SPACE CAMP 2023

Buraq Space Camp stands as a remarkable platform, serving as a transformative experience for selected students aged 14 to 16 from across Pakistan. The rigorous selection process, featuring a challenging test, ensures that only the most dedicated individuals have the opportunity to participate in this enlightening program. First time ever in the history of this camp, six girls from Cambridge section of Girls-I were selected for the 17th Buraq Space camp. These brilliant Buraqians were Huda Sethi, Erina Kiyani, Qurat ul Ain Rizwan, Anooshe Khadija, Momal Hafeez and Hania Ahmad. Functioning as an immersive knowledge hub, Buraq Space Camp hosted and served as a compass for career choices, provided clarity on the 'whys' that often linger in the minds of young minds, fostered an environment of cultural exchange among participants from various regions of Pakistan. However, the camp life is not without its challenges, as participants navigate the coldest nights, sharing sleeping bags with three squad mates. Yet, these shared hardships contributed to the creation of enduring bonds. Buraq Space Camp went beyond traditional lectures, incorporating diverse activities that infused excitement into our daily routine. Mornings began with a lively wakeup call, followed by invigorating exercises on the grounds. The highlight of the camp was the series of challenging missions, such as building a bridge from ice cream sticks and thread. Each day became a memorable adventure, showcasing the transformative power of hands-on education in a fun and dynamic environment. Buraq Space Camp was a pivotal learning experience for students, fostering the development of both soft and hard skills. The unique insights and skills gained through Buraq Space Camp pave the way for a more enriched and expansive understanding of the global landscape, setting the stage for a future marked by diverse possibilities.






## *Annual Day*
### PRIZE DISTRIBUTION CEREMONY

A grand prize distribution ceremony was held in PMGHS Hayatabad Campus on 23rd January 2024. Ms Bushra Farrukh poetess, writer and first announcer on Peshawar TV center was the chief guest. The chief guest was accorded with overwhelming reception. The function started with recitation followed by Naat presented by the students. Madam Rukhsana Majid, the principal presented welcome address and briefed the audience about the achievements of branch in the last 5 years of it's establishment. She highlighted the academics and cocurricular activities conducted in the school as well as the related affairs Prize winners students in different categories as well as the faculty of the school received awards and certificates on showing best results and performance in session 2023-2024. Skits and Tableaus added beauty to the event. At the end, chief guest adored young generation for being very confident and talented. Her speech carried praise for the management of PMS for executing a nobel task of providing standard education to young generation. The function ended with a nice refreshment for the guests

PESHAWAR MODEL GIRLS HIGH SCHOOL
WARSAK ROAD CAMPUS / HAYATABAD CAMPUS

# THE MODEL

FEBRUARY 2024



## "Why Palestine is Precious" "For Muslims"

1: Allah has named it the holy land and the blessed one in the Quran in Surah Al-Maiidah
2: It was the First Qibla of Muslims.
3: The Second mosque Built on earth.
4: The Third holiest site.
5: The place of ascension.
6: Praying in the mosque of Al-Aqsa has 500 times more reward.

Romeena Rahid (VII-A)
Warsak Road, Peshawar



## What Your Handwriting Means

1: If letters slant to left:
Indicates introspection and a lot of emotional control.
2: If letters slant to right:
reveals a person who is outgoing, friendly, impulsive and emotionally open.
3: If letters are straight up and down:
the Sign of someone who is ruled by head not by heart.
4: Small letters:
The Hallmark of quiet, introspective types and have good concentration.
5: Large letters:
Sign of confident, easy going and individual
6: Very tiny letters:
Indicates a writer who is somehow self-esteem but is intelligent.

Areesha Shahid (IX-Z) Warsak Road, Peshawar

## Choose Right, Spark Good Vibes

Hey pals? Want to make a difference for our friends in Palestine? Here's super cool way make smart choices with your shopping! By saying no to not-so-friendly brands from Israel, When we pick the right stuff, it is spreading good vibes and showing love across borders. So, let's join the "Palestine" movement, spread good vibes and show that even small actions make a big impact. Together, through ethical choices, we can create a friendlier world.
Ready to be part of It?


Samavia Iqbal (O III (Tulip)
Warsak Road, Peshawar



## Solution of Your Problems

1: When you're stuck in the problem and there is no way out, just remember Yunas (A.S) was stuck in the belly of a whale.
2: When you're ill and your body cries with pain just remember Ayub (A.S) who was more ill than you.
3: When you find your parents opposing you, just remember Ibrahim (A.S) whose father let him thrown to the fire.
4: When you can't see any logic around you think of NUH (A.S) who built a ship without questioning.
Allah put these Prophets and companions to trial. So that later generations may learn a Lesson.

Romeena Rahid (VII-A)
Warsak Road, Peshawar



## Disease "X"

Disease "X" is not a specific disease but is the name given to a potential novel infectious agent.
It represents an illness which is currently unknown but could pose a serious microbial threat to humans in the future. It is necessary to be prepared because there is a vast reservoir of viruses circulating among wildlife which could become a source of a new infectious disease to which humans do not have immunity. Disease "X" can result in 20 times more deaths than the previous COVID-19 strains.

Aamna Bangash (IX-M)
Hayatabad Campus



## Fun Facts About UK

Do you know About UK

1: Uk's full name is "The United Kingdom of Great Britain and Northern Ireland."
2: Chicken Tikka is England's national dish.
3: Scotland's national animal is the unicorn.
4: Over 300 languages are spoken in London.
5: The Queen has two birthdays.
6: The Queen does not have a passport.
7: There are hundered of dinosaurs in London.
8: British drink a lot of tea about 100 million cups everyday.
9: It is the birthplace of Television.
10: Cheese rolling is a sport there.

Malghalara Waqar Khan (VIII-S)
Warsak Road, Peshawar



## Amazing Facts About "Left Handers"

1: Approximately 12% of the world population is left handed.
2: Left handed are more prone to ailments like allergies and migraine.
3: Left handers are nicknamed "South Paws"
4: Most of left handed are insomniacs.
5: Left handers tend to use the right side of their brain more
6: Leftiers are inventers like Isaac Newton and Franklin.
7: Left Handed are creative.

Areesha Shahid (IX-Z)
Warsak Road, Peshawar

## Novel: The Messenger Bird Summary & Review



The Messenger Bird is a novel written by Ruth Eastham. It is a mysterious and suspense related short novel. The main character is a boy named Nathan who is going to turn 13 years old, but his dad get's arrested for breaking a law of social acts. Then Nathan has to find clues and follow a trail to prove the innocence of his dad. In his journey, he meets several people, he gets betrayed etc. It's a novel worth reading and also worth your precious time.

Areesha Shahid (IX-Z)
Warsak Road, Peshawar

## Riddles

1: Which bow can't be tied?
2: What is white when its dirty?
3: What has wings, can fly but is not living?
4: What can be opened but can't be closed?
5: What is full of holes but still holds water?
6: I have no life but I can die?
7: If I drink, I will die, if I eat, I will grow.
8: The more of this there is, the less you see what is it?
9: What can't talk but will reply when spoken to?

### Answers

1: Rainbow 2: Blackboard 3: Aeroplane 4: An egg
5: Sponge 6: Battery 7: Fire 8: Darkness
9: An echo

Washma Sohail (IX-M)
Warsak Road, Peshawar



## "AI unveiled: Future's Silent conductor"

In the mystical forge of progress, AI-Artifical Intelligence emerges as the selves thread weaving a tapestry of a better tomorrow. AI sculpts a future where machines dance with human ambitions AI shall unleash autonomous chariots open roads up delve into realms of creativity crafting symphonies and artworks. AI, is the conjuration of human like intelligence in machines but until humans possess a spectrum of qualities that set them apart from AI which is itself an enchanting creation of human intellect. But its possible that incoming years AI will begin to rule the world. To stop this wide scale destruction, the responsible development & utilization of AI guided by ethical principle are the spells that can shape a harmonious future.

Qurat ul ain Rizwan (O' Level II (Lily)
Warsak Road, Peshawar



## A GREAT HERO OF ISLAM

Hazrat Umar (R.A) was the first in the world who,
1. Made Army and Navy, as state department.
2. Introduced Police system.
3. Introduced intelligence system and agencies.
4. Introduced disaster management cell.
5. Introduced the "Ehtisab" council.
6. Introduced the system of districts.
7. Used fast horses for improving post office service.
8. Introduced self-support financial schemes.
9. Introduced revenue department.
10. Introduce the idea of food, cloth and shelter.

Anosha Asim (IX-Z)
Warsak Road, Peshawar



## TOM & JERRY

Tom and jerry is a cartoon that can be watched anytime, anywhere and at any age. It is the most humurous series I have ever watched, where are pranks are played by both to keep our lives playful all the time with innocence. Even though they fight for own victory, they never put each other down, so everyone wants friendship & relationships like tom & jerry. The best lesson learnt from the series is that every time you lose, next time find a better way and try with double enthusiasm and get good ideas. Though, Tom loses most of the time, he never stops trying to beat Jerry...

Ruqayya Shah (O-Level III (Tulip)
Warsak Road, Peshawar

## Find these Words Hidden in the Grid

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| P | G | A | R | L | I | C | H | S | B |
| A | R | Y | A | M | V | Y | U | O | Y |
| B | Z | H | J | L | Z | C | B | K | T |
| S | P | I | N | A | C | H | N | R | S |
| D | O | N | I | O | N | Y | T | A | R |
| V | T | A | I | M | K | L | U | C | A |
| C | A | R | R | O | T | O | R | P | D |
| H | T | G | H | I | V | T | N | Q | I |
| G | O | U | R | D | S | S | I | R | S |
| K | L | M | E | W | Q | S | P | T | H |

1: Carrot 2: Gourd 3: Okra 4: Onion 5: Potato
6: Radish 7: Spinach 8: Turnip 9: yam

Aiman Hameed (IV-H)
Hayatabad Campus

All the articles in "The Model" are published for goodwill and general information. The institute may not be in conformity with anything stated or expressed.

فروری 2024

# دی ماڈل

پشاور ماڈل گرلز ہائی سکول ورسک روڈ/حیات آباد کیمپس کا ماہنامہ

مدیرہ: سدرۃ المنتہیٰ
معاون مدیرہ: عاصمہ بی بی (معلّمہ)، رداوحید (دہم ۔جی)
ورسک کیمپس



GIRLS-III


GIRLS HAYATABAD


GIRLS -V


SWABI


SHABQADAR


MARDAN


CHARSADDA


NOWSHERA

## اداریہ!

**اسلام علیکم عزیز طالبات!**

’’شعبان المعظم‘‘ اسلامی سال کا آٹھواں مہینہ ہے جو اپنی رحمتوں برکتوں اور سعادتوں کے اعتبار سے ماہ رمضان کے لیے پیش خیمہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ وہ قابل قدر مہینہ ہے جس کی نسبت حضور اکرمؐ نے اپنی طرف فرمائی اور اس میں خیر و برکت کی دعا فرمائی۔ شعبان تشعب سے ماخوذ ہے اور تشعب کے معنی تفرق (پھیلنے اور عام ہونے) کے ہیں چونکہ اس ماہ میں خیر کثیر پھیل جاتا ہے اس لیے اس کو شعبان کہا جاتا ہے۔ اس ماہ کی برکات سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اس بات کا پختہ ارادہ کریں کہ ہم اس ماہ مبارک میں اپنے اندر تقویٰ کی صفت پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔

پشاور ماڈل ورسک روڈ کیمپس اور حیات آباد کیمپس کی جماعت دہم اور اولیول۔ III کی طالبات کے لیے ایک ضروری پیغام ہے کہ آئندہ ماہ مارچ کے دی ماڈل میں آپ کے الوداعی پیغامات، مضامین، شاعری اور واقعات وغیرہ شائع کیے جائیں گے۔ لہٰذا تمام سیکشنز کی طالبات اپنے پیغامات کو دی ماڈل کی زینت بنائیں۔ کیوں کہ ماہ مارچ کا دی ماڈل آپ کے نام سے منسوب ہوگا۔

خیر اندیش (مدیرہ)
سدرۃ المنتہیٰ

## ’’جلسہ تقسیم اسناد‘‘








پشاور ماڈل گرلز ہائی سکول ورسک روڈ میں جماعت نہم و دہم (بورڈ امتحان) اور او لیول III، II (کیمبرج امتحان) کی طالبات میں اسناد و تمغے تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جماعت اول سے لے کر جماعت ہشتم اور او لیول۔ I کی طالبات کو 2022-2023 کے سالانہ امتحان میں مجموعی طور پر تمام سیکشنز میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شیلڈ، تمغوں اور اسناد سے نوازا گیا۔

تقریب کا آغاز مہمان خصوصی ڈاکٹر صفیہ (وائس چانسلر شہید بے نظیر بھٹو ویمن یونیورسٹی) اور سکول ہٰذا سے فارغ التحصیل سابقہ طالبہ مس ہادیہ طاہر (اونر ڈیجیٹل ایجنسی) کی آمد سے ہوا۔

پرنسپل محترمہ عمرانہ شاہین نے اسکول کے تعلیمی میدان میں کارہائے نمایاں اور نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کے حوالے سے حاصل کردہ کامیابیوں پر روشنی ڈالی۔ بورڈ اور کیمبرج امتحان میں اعزازی کامیابی حاصل کرنے والی طالبات میں اسناد اور تمغے تقسیم کیے گئے۔ ٹیبلو اور خاکوں نے تقریبات کی رونق کو دوبالا کیا۔ بہترین قاریہ، نعت خواں اور مقررہ کو بھی اسناد و انعامات سے نوازا گیا، دس گیارہ سال تک حاضری کو یقینی بنائے رکھنے کی حامل طالبات کو ان کی والدہ کی موجودگی میں سند اور شیلڈ دے کر ان کے اس امر کو قابل ستائش قرار دیا گیا۔ بورڈ اور کیمبرج امتحان کے بہترین نتائج کو مدنظر رکھتے ہوئے اساتذہ کرام کو بھی تمغوں اور اسناد سے نوازا گیا۔ سکول سے فارغ التحصیل سابقہ طالبات بھی تقریب میں شامل ہوئیں۔




## ہجرت کا تیسرا سال

### ’’غزوہ احد‘‘ قسط نمبر 24

ہجرت کے تیسرے سال ماہ شوال میں کفر اور اسلام کے مابین دوسرا اہم معرکہ پیش آیا۔ جسے تاریخ میں ’’غزوہ احد‘‘ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ غزوہ بدر میں قریش مکہ کو مسلمانوں کے ہاتھوں جو عبرتناک شکست ملی اس کے نتیجے میں کفار مکہ کے سینے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے صحابہ کرامؓ سے انتقام لینے کے لیے کھول رہے تھے مکہ کے اندر چاروں طرف غیظ و غضب کے ساتھ مسلمانوں سے بدلہ لینے کی صدائیں بلند ہونے لگیں۔

آخرکار ابوجہل کے بعد سب سے بڑا دشمن اسلام ’’ابوسفیان‘‘ کی زیر قیادت تین (۳) ہزار کا لشکر بڑی دلیری اور مکمل تیاری کے ساتھ مدینہ منورہ کی جانب روانہ ہوا اور اُحد پر سے حملے کا ارادہ رکھتے ہوئے آگے بڑھنے لگا۔ قریش مکہ کے مردوں کے اس جوش و خروش کو دیکھ کر انتقام میں ان کی عورتیں بھی میدان جنگ میں ساتھ جانے پر مصر ہوئیں۔ چنانچہ پندرہ (15) قریشی (کافر) عورتیں، تین ہزار اونٹ، سات سو زرہ پوش، دو سو گھوڑے اور ہر قسم کا اسلحہ لیے بڑی رازداری کے ساتھ مدینہ منورہ پر حملہ آور ہوئے آپؐ اور ان کے صحابہ کرامؓ ان سے بالکل بے خبر تھے۔ مکہ میں مقیم سیدنا حضرت عباسؓ (چچا) جو کہ جنگ بدر کے قیدیوں میں شامل تھے اور پھر اُسی موقع پر خفیہ طور پر مسلمان ہوئے، خط کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اچانک حملے سے خبردار کیا۔ صحابہ کرامؓ میں کئی ایسے شہادت کے شوقین موجود تھے جو کسی عذر کی بناء پر بدر میں شرکت نہ کر سکے اور اس انتظار میں تھے کہ کوئی غزوہ پیش آئے اور یہ صحابہ کرامؓ بدر کے شہیدوں کے مرتبے تک پہنچ جائیں سرکار دو عالم نے مدینہ منورہ سے اُحد پہاڑ کی جانب اپنے صحابہ کرامؓ کا ایک ہزار کا لشکر روانہ فرمایا۔ جاری ہے







Card Making Competition








In Service Teachers Training Workshop





Morning Assembly Presentation





Annual Sports Prize Distribution



## وقت کی پابندی

وقت کائنات کی ایک قیمتی ترین شے ہے۔ اس کائنات کا نظام وقت کی پابندی کی اہمیت بتاتا ہے کہ اگر وقت کی پابندی کی جائے تو زندگی کے ہر موڑ پر کامیابی حاصل ہوگی جیسے موسموں کا ردوبدل ہے۔ اس کے علاوہ اگر نماز اپنے مقررہ وقت پر ادا کی جائے تو افضل عبادت کا درجہ پاتی ہے۔ اور اگر مقررہ وقت کے بعد ادا کی جائے تو قضا کہلاتی ہے۔ اس لیے ہمیں بھی اپنی زندگی میں وقت کی رفتار کے ساتھ چلنا چاہیئے۔ آپ طالبات کو امتحان کے لئے جو نصاب دیا جاتا ہے وہ اس لیے ہوتا ہے کہ آپ مقررہ وقت پر اچھی تیاری کریں۔ اور اگر اسی وقت کو ضائع کیا جائے تو نتیجہ کم نمبر یا فیل ہونے کی صورت میں آپکے سامنے آتا ہے لہٰذا وقت کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے پابندی وقت کو اپنا شعار بنائیں۔

مِس عالیہ مدثر (حیات آباد کیمپس)

## یقین اور بھروسہ

ایک آدمی دو بہت اونچی عمارتوں کے درمیان تنی ہوئے رسی پر چل رہا تھا وہ بہت آرام سے اپنے دونوں ہاتھوں میں ڈنڈا پکڑے ہوئے سنبھل کر چل رہا تھا اس کے کاندھے پر اس کا بیٹا بیٹھا تھا زمین پر تمام لوگ دم سادھے کھڑے یک ٹک اسے دیکھ رہے تھے جب وہ آرام سے دوسری عمارت تک پہنچ گیا تو لوگوں نے تالیوں کی بھرمار کر دی اور اس کی خوب تعریف کی اس نے لوگوں کو مسکرا کر دیکھا اور بولا، کیا آپ لوگوں کو یقین ہے میں واپس اسی رسّی پر چلتا ہوا دوسری طرف پہنچ جاؤں گا؟ لوگ چلا کر بولے، ہاں ہاں تم کر سکتے ہو۔ اس نے پھر پوچھا کیا آپ سب کو بھروسا ہے؟ لوگوں نے کہا ہاں ہم تم پر شرط لگا سکتے ہیں اس نے کہا: ٹھیک ہے کیا آپ میں سے کوئی میرے بیٹے کی جگہ میرے کاندھے پر بیٹھے گا؟ میں اسے بحفاظت دوسری طرف لے جاؤں گا اس کی بات سن کر سب کو سکتہ سا ہو گیا سب خاموش ہو گئے۔ یقین الگ چیز ہے بھروسہ الگ۔ بھروسہ کرنے کے لیے آپ کو مکمل فناء ہونا پڑتا ہے اور آج ہم سب میں اسی بھروسے کی کمی ہے ہم اللہ تعالیٰ پر یقین تو رکھتے ہیں لیکن بھروسہ نہیں کر پاتے۔

لائبہ زاہد (ششم ۔سی) ورسک روڈ کیمپس

PESHAWAR MODEL GIRLS HIGH SCHOOL
WARSAK ROAD CAMPUS / HAYATABAD CAMPUS

دی ماڈل

فروری 2024

# منافقت
# Munafiqat

منافق وہ لوگ ہوتے ہیں جن کے دل میں کچھ زبان پر کچھ ہوتا ہے۔ دعویٰ کچھ اور کرتے کچھ اور ہیں جھوٹ بولتے ہیں دھوکہ دیتے ہیں۔

منافق کی علامات تین ہیں

رسول کریمؐ نے فرمایا: اِذا حَدّثَ کَذَبَ

ترجمہ: جب وہ بولتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے۔ یعنی اس کی زبان جھوٹ کی عادی ہوتی ہے۔ زندگی میں جھوٹ سے اپنے آپ کو بچائیں یہ زہر قاتل ہے۔ معاشرے سے آپ کا اعتبار ختم کر دیتا ہے اور آپ کی رسوائی کا سبب بنتا ہے۔

پھر فرمایا: وَاِذا وَعَدَ اَخلَفَ

جب وعدہ کرتا ہے تو وعدہ خلافی کرتا ہے یہ منافق کی علامت ہے کہ وعدہ پورا نہیں کرتا۔ ہمارے حضورؐ نے کسی سے وعدہ کیا کہ تیرے آنے تک یہاں کھڑا رہوں گا۔ وہ شخص جا کر بھول جاتا ہے ہمارے حضورؐ تین دن کھڑے رہتے ہیں تین دن بعد وہ شخص وہاں سے گزرا دیکھا کہ حضورؐ کھڑے ہیں بڑی شرمندگی ہوئی۔ نبی کے پاس آیا پھر بھی حضورؐ نے کچھ نہیں کہا۔

بس ایک جملہ۔۔ یار تو نے بڑی مشقت میں ڈال دیا

میں کہتی ہوں وہ تین دن بعد آیا تین سال بعد بھی آتا تو ہمارے حضورؐ کھڑے رہتے کہ میں نے اس سے وعدہ کیا تھا۔ میں اور آپ دیکھیے کہ ہم کہاں کھڑے ہیں۔

پھر فرمایا: وَاِذا ائتُمِنَ خَانَ

جب اس کے پاس امانت رکھی جائے تو وہ خیانت کرلے۔ کوئی چیز یا پیسے رکھے جائیں تو اس میں خیانت نہ کرے۔ بلکہ کوئی بات بھی امانت رکھی جائے تو اس لوگوں کو نہ بتائیں۔

تمہارے کان میں کوئی اگر بات کرے تو وہ بھی امانت ہے اور اس امانت کو پورا کیا جائے۔ اللہ ہم سب کو ہدایت دے اور عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین

شکریہ

حافظہ مس یسریٰ اسماعیل
(حیات آباد کیمپس)

# سبق

استاد نے کلاس میں داخل ہوتے ہی تختہ سیاہ پر ایک لمبی لکیر کھینچ دی اور کہا۔ تم میں سے کون اس لکیر کو بغیر ہاتھ لگائے چھوٹا کر دے گا۔ ساری کلاس خاموش ہوگئی کیونکہ استاد نے ناممکن بات کہہ دی تھی۔ سب نے کہا ناممکن ہے لکیر کو چھوٹا کرنے کے لیے مٹانا پڑے گا۔ جو ہاتھ لگائے بغیر ممکن نہیں ہے۔ استاد صاحب نے گہری نظروں سے طلباء کی طرف دیکھا اور کچھ کہے بغیر بلیک بورڈ پر اس لکیر کے نیچے ایک لمبی لکیر کھینچ دی جس کے بعد سب نے دیکھ لیا کہ اب پہلی والی لکیر چھوٹی نظر آرہی ہے۔ استاد نے اس لکیر کو ہاتھ لگائے بغیر چھوٹا کر دیا تھا۔ طالب علموں نے آج اپنی زندگی کا سب سے بڑا سبق سیکھا۔ دوسروں کو نقصان پہنچائے بغیر دوسروں پر تنقید کیے بغیر ان سے حسد کیے بغیر ان سے آگے بڑھنے کا ہنر انھوں نے چند منٹ میں سیکھ لیا تھا کہ اپنے آپ کو اخلاق میں، کردار میں اور عمل میں دوسروں سے آگے بڑھاؤ تم خود بخود دوسروں سے بڑے نظر آنے لگ جاؤ گے۔

مریا لئے (اولیول ون (جیسمین) ورسک روڈ کیمپس

# کیا آپ جانتے ہیں؟

- ★ پوری دنیا میں روزانہ چار سو ملین گیلن پانی استعمال کیا جاتا ہے۔
- ★ چاند صحرائے گوبی سے دس لاکھ گنا زیادہ خشک ہے۔
- ★ زمین کے سب سے نزدیک ستارے تک پہنچنے کے لیے ایک جدید خلائی جہاز کو تقریباً ستر ہزار سال کا عرصہ درکار ہوگا۔
- ★ افغانستان واحد ملک ہے جہاں ٹرین نہیں چلتی۔
- ★ جنوبی امریکہ میں دودھ کا درخت پایا جاتا ہے۔

نور۔ نہم ڈی
(ورسک روڈ کیمپس)

# ''اک سوال ہے سمجھنے کا نہ سمجھانے کا''

۱) دنیا میں سب سے زیادہ بارشیں کہاں ہوتی ہیں؟
۲) ایک گدھے کا منہ مشرق کی طرف ہے تو اس کی دُم کس طرف ہوگی؟
۳) وہ کون سی چیز ہے جس کو سورج نے نہیں دیکھا؟
۴) اگر ایک مرغا صبح کے وقت انڈا دیتا ہے تو وہ انڈا اس کے مالک کو کب ملے گا؟
۵) وہ کونسا جانور ہے جس کی انگلیوں پر ناخن نہیں ہوتے؟

**جواب:**


۱) زمین پر ۲) نیچے کی طرف ۳) اندھیرا ۴) مرغا انڈا نہیں دیتا ۵) مینڈک

کلثوم (دہم۔ بی) (ورسک روڈ کیمپس)


# فن پارے




سارینہ سحرش (ششم۔ سی)
حیات آباد کیمپس



ام حسین شاہ (پنجم۔ پی)
ورسک روڈ کیمپس




خدیجہ علوی (ششم۔ زیڈ)
ورسک روڈ کیمپس



ملیکہ زیب خٹک (ششم۔ ایچ)
حیات آباد کیمپس



ہانیہ خان (ہشتم۔ ایچ)
حیات آباد کیمپس



عائلہ ماجد (ہفتم۔ ایس)
ورسک روڈ کیمپس

# یَاریَاروں سے ہوں نہ جُدا

یاریاروں سے ہونا جدا یہ ایک مزاحیہ ناول ہے۔ جس میں آپ کو زندگی گزارنے کے سنہری اقوال اور نصیحتیں تو نہیں ملیں گی۔ لیکن اس میں ان دوستوں کی کہانی موجود ہے جسے پڑھنے کے بعد ان کی دوستی پر آپ کو صرف رشک آئے گا۔ ہر کسی کا ذوق مطالعہ مختلف ہوتا ہے۔ کوئی منجھے ہوئے لکھاری پڑھنا پسند کرتا ہے تو کسی کو غمگین اختتام اور کشمکش پر مبنی کہانیاں پڑھنا پسند ہوتا ہے یاریاروں سے ہو نہ جدا ایسے پڑھنے والے کو شاید ہی پسند آئے، لیکن جو دوستوں کی اہمیت کو سمجھتے ہیں اور ہلکا پھلکا سا مزاحیہ ناول پڑھنا پسند کرتے ہیں تو بس یہ سمجھ لیں کہ یہ ناول صرف انہی لوگوں کے لیے ہے۔ یہ ان چھ دوستوں کی کہانی ہے جو ایک دوسرے پر جان چھڑکتے ہیں۔ ایک دوسرے کے سکھ دکھ میں ہمیشہ قدم سے قدم ملا کر کھڑے رہتے ہیں۔ ان کی شرارتیں، شوخیاں ان کی یونیورسٹی لائف اور اس کے بعد کی بھی لائف کو پڑھتے ہوئے آپ خود کو بھی ان کے ساتھ ہی ہنستے بولتے محسوس کریں گے۔ یہ ناول ماہرہ زینب خان کی تحریر ہے۔

عیشال عبداللہ (اولیول۔ II (للّی)
ورسک روڈ کیمپس

# اپنی ذہانت آزمائیں!

- ★ دنیا کے سات قدیم عجائبات میں سے کتنے عجائبات اب بھی باقی ہے؟
  صرف اہرام مصر
- ★ وہ کونسی چیز ہے جہاں 11 میں 2 جمع کریں تو جواب 1 آتا ہے؟
  گھڑی
- ★ وہ کونسا رنگ ہے جو گول ہونے کے بجائے چوکور ہوتی ہے؟
  باکسنگ / ریسلنگ رنگ
- ★ وہ کونسی چیز ہے جو پانی میں نظر آتی ہے مگر گیلی نہیں ہوتی؟
  عکس / ریفلیکشن
- ★ کیا آپ جانتے ہیں آدھے کٹے ہوئے سیب کی شکل کس سے ملتی ہے؟
  دوسرے آدھے کٹے ہوئے سیب سے

اُم فروا (اولیول ون جیسمین) ورسک روڈ کیمپس



# فلسطین

فلسطین کی سرزمین ایک پاک سرزمین ہے اسے سرزمین انبیاء بھی کہا جاتا ہے۔ مسجد اقصیٰ فلسطین میں موجود ہے۔ اور مسجد اقصیٰ ہمارا پہلا قبلہ رہا ہے فلسطین ایک مسلم ملک ہے۔ ہمارے یعنی مسلمانوں کے دشمن یہودی ہمارے پہلا قبلہ (مسجد اقصیٰ) کو شہید کرنا چاہتے ہیں جو کہ ہمارے مسلمان بہن بھائی (فلسطینی) روکنے کی پوری کوشش کر رہے ہیں۔ کیونکہ یہودی مسجد اقصیٰ کی جگہ ایک اپنی عبادت گاہ بنانا چاہتے ہیں کیونکہ ان کے علم میں ہے کہ اس عبادت گاہ کے ذریعے دجال آئے گا اور دجال کافروں کا دوست اور مسلمانوں کا دشمن ہے یہودی فلسطینیوں پر بمباری وغیرہ کر رہے ہیں ہم سب مسلمان کو اسے روکنے کے لئے بائیکاٹ کرنا چاہیے یعنی یہودیوں (Isreal) کی بنائی ہوئی چیزوں کو استعمال نہ کریں کیونکہ جو پیسے ہم ان کی چیزوں کے خریدنے کے لیے دیتے ہیں وہ اس سے بندوق ٹینک، میزائل وغیرہ خرید کر ہم مسلمانوں کی نسل ختم کر رہے ہیں اگر اس کے باوجود بائیکاٹ نہیں کرتے تو ہم اپنے بہن بھائیوں کے قاتل کہلائیں گے۔

ہانیہ خان (ہشتم۔ ایچ) حیات آباد کیمپس

# پہلے پوری بات سنیئے!

ایک چھوٹا بچہ اپنے دونوں ہاتھوں میں ایک ایک سیب لیے کھڑا تھا۔ اس کے والد صاحب نے مسکراتے ہوئے کہا کہ ''بیٹا ایک سیب مجھے دے دو'' اتنا سنتے ہی اس کے بچے نے ایک سیب کو اپنے دانتوں سے کاٹ لیا، اس سے پہلے کہ اس کا باپ کچھ بول پاتا، اس نے دوسرا سیب بھی اپنے دانتوں سے کاٹ لیا۔ اپنے بیٹے کی اس حرکت پر وہ شخص غصے سے لال پیلا ہوگیا۔ اور اس کے چہرے سے اب مسکراہٹ بھی غائب ہوگئی۔ قریب تھا کہ وہ اٹھ کر اسے سزا دیتا تب ہی بیٹے نے اپنے ننھے ہاتھ کو آگے بڑھاتے ہوئے کہا: ''ابو یہ لو یہ والا زیادہ میٹھا ہے'' یہ سنتے ہی باپ کی آنکھوں میں آنسو آگئے اور اس کا اپنے بچے کے لیے غصہ پیار میں بدل گیا۔

ہمارے اندر برداشت کا مادہ بہت کم ہے، شاید اسی وجہ سے اکثر ہم پوری بات اور معاملات کو سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے اور غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں۔

گلالئی خان (نہم، پی) (ورسک روڈ کیمپس)

''دی ماڈل'' کے تمام مضامین بچوں کی دلچسپی کیلئے اور نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں۔ ادارے کا اِس سے متفق ہونا ضروری نہیں۔